# کووڈ-۱۹ وبائی بیماری کے دوران بچوں کو نفسیاتی و سماجی امداد فراہم کرنا

والدین اور نگہداشت کرنے والوں کے لئے کتابچہ



# پیش لفظ

جیسے کہ کووڈ۔۱۹وبائی بیماری میں نہ صرف بھارت بلکہ دنیا میں وسعت آ رہی ہے اور اس میں ایک چیز یقینی ہے کہ موجودہ وباء نہ صرف صحت اور معاشی صورت حال پر گہرا اثر ڈالے گی بلکہ پوری دنیا کے معاشروں کی نفسیاتی بہبود پر بھی اثر انداز ہوگی۔مختلف آبادیوں پر اس کے اثرات مختلف طور سے محسوس کئے جائیں گے۔ اس وبائی بیماری کو اضافی طور سے جو آبادی مختلف انداز میں ایک چیلنج کے طور پر محسوس اور جذب کریگی وہ ہیں بچّے۔

لاک ڈاؤن کے حالیہ تناظر میں جس میں حرکت پر پابندی ایک اہم معاملہ ہے جسمیں بچوں کو معاشرتی کھیل اور یہاں تک جسمانی رابطے تک کی رسائی محدود کردی گئی ہو، کی نفسیاتی فلاح و بہبود اور ترقی قابل تشویش ہے۔اسکولوں کا بند ہونا بچوں کے لئے کچھ نیا سیکھنے اور اپنے بڑوں اور اساتذہ سے بات چیت کی راہیں مسدود کر رہا ہے موجودہ صورت حال میں بچّے الجھن کا شکار ہو سکتے ہیں۔سوشل میڈیا کی افراط سے نوعمر بچوں میں یہ الجھن زیادہ ہوگی۔کچھ بالغ موجودہ صورت حال مں بچوں کے ساتھ بات چیت کرنے میں دشواری محسوس کر سکتے ہیں اور یہ مایوسی اور عدم دلچسپی کو بڑھاوا دے گی۔

مندرجہ بالا خدشات تو محض شروعات ہے یہ وبائی بیماری کے اثرات کمزور خاندان پر زیادہ اثر انداز ہوں گے۔وہ بچے جو چائلڈ کیئر اداروں یا متبادل اداروں یا گلیوں میں رہنے والے،نقل مکانی کرنے والے ہیں ان کے لئے حالات زیادہ چیلنج کے ہوں گے۔صحت عامہ کی ہنگامی صورت حال میں تشدد میں اضافہ ہوگا جس میں صنفی تشدد اور بچوں عورتوں کے خلاف جسمانی سزا بھی شامل ہیں۔لیکن موجودہ صورت حال جس میں سماجی دوری ایک اہم رکاوٹ ہے۔

اس میں لڑکے اور لڑکیوں کو جو کہ تشدد کے شکار ہونگے انکو مدد حاصل کرنے میں حائل رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑیگا۔اور امدادی نظام تک پہنچنے میں مشکل ہوگی۔

بچوں کی فلاح بہبود پر اثر انداز ہونے والے ان اثرات کو دور کرنے کے لئے یونیسیف نے چائلڈ لائن کے ساتھ اس اشاعت پر کام کیا ہے۔

اس کتابچہ کا مقصد والدین ،نگہداشت کرنے والوں ، امدادی نظام ، بچوں ، نوعمر بچوں کو ایک ایسا آلہ فراہم کرنا ہے جو کہ Covids جیسی وبائی بیماری کے بارے میں تفصیل سے بتائے اور اس سے بچنے کی ترکیب کی جانکاری دے اور ان کو متعلقہ تناؤ خوف اور اضطراب سے سامنا کرنا سکھائے۔

اور تشدد میں اضافہ کے خطرے کو نپٹنے میں اور محفوظ رکھنے میں مدد گار بنے۔

یہ کتابچہ دو مختلف عمر کے گروپ کے لئے ڈیزائین کیا گیا ہے ٦ سال سے ١٠ سال تک اور ١١ سال سے ١٥ سال تک جس میں ان عمر کے بچوں کو مثبت طور پر مشغول رکھنے اور ایک ایسا پلیٹ فارم قایم کرے جہاں وہ اپنی بات کہہ سکیں و جذبات کا اظہار کر سکیں۔

یہ کتابچہ چائلڈ لائن کی مدد کے لئے تیار کیا ہے۔ جو کہ وزارت فلاح بہبود برائے خواتین اور بچوں کی ترقی کا ایک جز ہے جو کہ ہندوستان بھر میں وہ بچّے جو موجودہ صورت حال میں دوچار ہیں ان کو جذباتی اور نفسیاتی امداد فراہم کرے۔

حالانکہ یہ کتابچہ امدادی نظام کے کارکنوں این۔جی۔او، والدین ، امداد فراہم کرنے والے اور خود بچّوں کے لئے ایک معلوماتی دستاویز کی حیثیت رکھتا ہے۔

بچپن ہی انسان کی زندگی میں ایک نازک دور ہوتا ہے اور اس مشکل دور میں جذبات کی بنیاد کی نشاندہی کرتا ہے۔

آیئے ہم سب عزم کریں کہ ہم کووڈ۔١٩ سے سب سے زیادہ متاثر گروپ یعنی بچّوں کو جو محفوظ رہنے کے سب سے زیادہ مستحق ہیں ، کو اپنی خدمات سے نوازیں۔

**سولیڈیڈ ہیریرو**

چیف یونٹ برائے تحفظِ اطفال

یونیسیف انڈیا قومی دفتر

# پیغام

سب سے پہلے میں وزارت برائے خواتین اور بچوں کی ترقّی ،صوبائی حکومتوں ،ضلع انتظامیہ اور یونیسیف کی ازحد شکر گزار ہوں جنھوں نے اس وبائی بیماری میں چائلڈ لائن کو ان مشکل حالات میں کام کرنے میں مدد کی، دوستو اور ساتھیوں کوووڈ۔19 نے بیماری نے لوگوں کو گھروں میں ہی قید رہنے پر مجبور کیا ہے۔اس وبائی بیماری سے ملک کو محفوظ رکھنے کے لئے لوک ڈاؤن کا نفاذ کیا گیا ہے۔حالانکہ جیسے کہ ہم چائلڈ لائن میں کہتے ہیں کہ ہم اپنی حرکت بند نہیں کرتے۔بچوں کو انتہائی چیلینجنگ صورت حال کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔اور چائلڈ لائن پر موصول ہونے والی کالس کی تعداد %5 فیصد بڑھ گئی ہے جو کہ اس بیماری کے پھیلنے اور تشدد میں اضافہ کا نتیجہ ہے ان کالس میں سب سے بڑی تعداد ان بچوں کی ہے جو بدسلوکی اور تشدّد کا سامنا کر رہے ہیں، صحت سے متعلق امور کے لئے مدد طلب کرنا۔

کوووڈ۔19 کے متعلق پناہ گاہ، کھانا اور حفاظت کے لئے مدد طلب کرنا۔ہم اسکا جواب دیتے ہیں اگر نگہداشت اور حفاظت کا محتاج کوئی بھی بچہ ہے تو اس کی مدد کرنے کے لئے چائلڈ لائن وہاں جانے کو پرعزم ہے۔اور میں پرامید ہوں کہ

پوری چائلڈ لائن ٹیم اپنی پوری طاقت و وقت اور روحانی جذبہ کے ساتھ خدمت کے لئے ہمہ وقت تیار ہے ہم سب کوووڈ۔19 کے معاشی اور طبّی اثرات سے بہ خوبی واقف ہیں لیکن خاص طور پر بچّوں پر اس بیماری کے جو تشویشناک اثرات رونما ہوں گے۔یہ اثرات ان بچّوں کے خاندان و بچّوں کی نگہداشت کے ادارے اور این۔جی۔او کے ذریعے چلائے جانے والے پناہ گاہ پر بھی گہرا اثر چھوڑیں گے۔

اس مشکل وقت میں بچوں کی سماجی اور نفسیاتی مدافعت کی بحالی کے لئے ہم کو نفسیاتی تربیت یافتہ والدین اور مددگار عملہ کی امداد کی ضرورت ہے۔اس کتابچہ کا مقصد ان والدین اور امدادی عملہ کو ایک ایسا آلہ مہیّا کرانا ہے جو مندرجہ بالا حدف کو کامیابی کے ساتھ مکمل کرے۔جو جذباتی طور سے بچّوں سے جڑے ان کی بات سنے ان کے معاملات کو سمجھے اور ان حالات کو سمجھیں جن سے تشدّد اور بدسلوکی جنم لیتی ہے جس میں صنفی تشدد بھی شامل ہے۔

اور جہاں تک ممکن ہے وہ ایسا ماحول بیدار کریں جو کہ بچّوں کے لئے خوشگوار اور عام جیسا ہو۔

میں امید کرتی ہوں کہ یہ کتابچہ ان چائلڈ لائن خاندانوں بچوں کی نگہداشت کرنے والے اداروں اور ہزاروں دوسرے رضا کاروں جو کہ سطح پر کام کر رہے ہیں وہ بچّوں کے والدین اور امداد کرنے والوں تک پہنچتے ہیں اور بچوں کی مدد کرتے ہیں، ان کی رہنمائی کریگا۔


مجھے امید ہے کہ ہم اپنی حفاظت کریں گے اور خود کو محفوظ رکھنے کے لئے احتیاطی تدابیر اختیار کریں گے تا کہ بچوں کے تئیں اپنے عہد کو پورا کر سکیں۔

**ہرلین والیہ**

ڈپٹی ایگزیکیوٹو ڈائریکٹر چائلڈ لائن انڈیا فاؤنڈیشن



کووڈ۔۱۹ کے تعلق سے یہ کتابچہ بچوں کی نفسیاتی وسماجی نگہداشت اور دیکھ بھال پر مرکوزِ توجہ ہے اور ان جگہوں پر جہاں بچے رہتے ہیں جیسے بچوں کی دیکھ بھال کے مراکز عارضی علیحدگی کے مرکز این جی او پناہ گاہ ہیں پر بچوں سے متعلق تشدد کی روک تھام کرنے پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔





## اس کتابچہ کے بارے میں

کووڈ۔۱۹ جیسی وبائی بیماری کے دوران بچوں کو تناؤ اضطراب غم اور پریشانی کا احساس ہونا فطری ہے ان کی اپنی اور اپنے عزیز و اقرباء کی صحت کا خوف و اضطراب ان پر بھاری پڑ سکتا ہے اور شدید جذبات کا سبب بن سکتا ہے۔ آج کی ڈِجیٹل دنیا میں بچے سوشل میڈیا اور دوسرے ذرائع اطلاعات سے معلومات اور خبروں تک رسائی حاصل کرتے ہیں ان میں کچھ سچ نہیں ہوتیں جس سے مزید تناؤ اور اضطراب پیدا ہوتا ہے۔ اور یہ تب اور زیادہ بڑھ جاتا ہے کہ جب بچے باہر جانے کھیلنے اسکول جانے اور آزادانہ بات چیت سے محروم ہو جاتے ہیں۔ وہ بچّے اور خاندان جو اس وبائی بیماری کے دوران ائی سولیشن یا کورنٹائن میں ہیں تو ان کے ساتھ تشدّد اور بدسلوکی کے مواقع زیادہ پائے جاتے ہیں۔ اور ان بالغ اور بچّوں میں تناؤ کی سطح میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

## کردار بہ حیثیت والدین و مددگار

(۱) ایسا ماحول پیدا کرنا جس میں بچّے اپنی نشو و نما کر سکیں اور اپنی پوری صلاحیت پیدا کر سکیں جس سے وہ اپنے آپ کو محفوظ اور صحت مند محسوس کریں۔

(۲) ایسا ماحول پیدا کرنا جہاں بچّوں کی بات کو سنا جا سکے وہ اپنی سوچ و فکر کا اظہار کر سکیں اور آزادی سے اپنے سوالات رکھ سکیں اور ایماندارانہ جواب پا سکیں۔

## کتابچہ مددگار ہوگا

کووڈ۔۱۹ جیسی وبائی بیماری میں بچوں کی نفسیاتی صحت اور اسکے مضّمرات کو سمجھنا بشمول تشدد اور ضرورت مند بچّوں کو مثبت اور موثر طریقے سے مدد پہنچانے واسطے مددگاروں کو وسائل مہیا کرانا۔

# کتابچہ کیسے استعمال کریں

(۱) اس کتابچّہ میں بچوں کے تناؤ اور اضطراب کو دور کرنے کے آسان طریقہ محفوظ ہیں۔ جو کہ تفریحی اور آرام دہ ہیں۔ ان کو استعمال کرنے سے پہلے بچّوں کو پرسکون اور آرام دہ ماحول مہیا کرائیں۔ ہر سرگرمی سے پہلے کتابچہ میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں اور اگر بچّے یا نوعمر بچّے ان سرگرمیوں میں عدم دلچسپی کا اظہار کریں تو ان پر دباؤ نہ ڈالا جائے۔ جب وہ خود چاہیں تو ایسا کریں۔

(۲) کتابچّہ میں دی گئی سرگرمیاں دو مختلف عمر کے گروپ کے بچّوں کے لئے استعمال میں لائی جائیں۔ چھوٹے بچے (۱۰-۶ سال) نو عمر بچے (۱۱- سے ۱۹ سال) یہ مشاورتی سرگرمیاں ہیں اور والدین و مددگاران سے ملتی جلتی سرگرمیوں کا اس میں اضافہ کر سکیں کچھ ایسی سرگرمیاں بھی ہیں جو دونوں عمر کے گروپ میں یکساں استعمال ہو سکتی ہیں۔ مثلاً اسٹوری بورڈ کو بنانا۔

(۳) اس کتابچہ میں دی گئی سرگرمیوں اور اطلاعات کو وبائی بیماری کووڈ-۱۹ اور اسکے اثرات کے بارے میں بچّوں کو بتانا اور ان کو اپنے جذبات کے اظہار کی آزادی دینا۔ سرگرمیاں انجام دینے کے لئے ایک خاص دن کا وقت مقرّر کرنا۔

(۴) اگر صفحات بچوں کے لیے رنگین پرنٹ نہیں کیے جا سکتے تو ان کو کمپیوٹر یا اسمارٹ فون پر دکھانا اور انکو اپنے آپ خود ان پیج کو بنانے کی ترغیب دینا۔ ان بچّوں کو دئے گئے عنوانات مشاورتی ہیں بچوں کو بذات خود اپنی تخلیقی صلاحیتوں کا استعمال کرنے کی آزادی فراہم کرنا۔

ان سرگرمیوں میں آپ دوسری اضافی سرگرمیاں تشکیل دے سکتے ہیں۔

کتابچہ میں دی گئی ان سرگرمیوں کو روبہ عمل لانے میں چائلڈ لائن ادارے اور این۔جی۔او کارکنان والدین اور مددگاروں کی حوصلہ افزائی کر سکتے ہیں۔



# کتابچہ کے مشمولات

(۱) بچّوں کی جذباتی ضروریات کو سمجھنا۔

(۲) سب سے زیادہ بچّوں کی جذباتی ضروریات کو سمجھنا۔

(۳) نفسیاتی تناؤ کی شناخت کرنا اور خصوصی مدد فراہم کرنا۔

(۴) تناؤ سے متاثر بچّوں کی امداد کرنا۔

(۵) بچّوں کو کووڈ۔۱۹ کے وبائی مرض کے بارے میں بتانا۔

(۶) بچّوں کو کووڈ۔۱۹ سے متعلق پھیلتی افواہوں کے بارے میں بتانا۔

(۷) بچّوں کے استحصال، تشدّد اور بدکلامی جیسے معاملات سے نمٹنا۔

(۸) ۱۰-۶ سال کے بچّوں کے لئے پروف کِٹ

(۹) ۱۹-۱۱ سال کے نوعمر بچّوں کے لئے پروف کِٹ

(۱۰) مشاورتی کی سرگرمیاں اور ورک شیٹ بچوں اور نوعمر بچوں کے لئے۔



# کووڈ۔۱۹ وبائی مرض کے دوران بچّوں کی نفسیاتی اور دماغی فلاح بھبود

## بچّوں کی جذباتی ضروریات کو سمجھنا:

(۱) بچّے مختلف طریقوں سے اپنی نفسیاتی پریشانی (فکراورافسردگی) کا اظہار کر سکتے ہیں۔ ہر بچّہ مختلف سلوک کرتا ہے کچھ خاموشی پسند ہوتے ہیں تو کچھ غضب کا اظہار کر سکتے ہیں نگہداشت کرنے والوں کو صبر اور بچوں کے جذبات کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔

(۲) سارے جذبے سچّے ہوتے ہیں اور بچوں کی نگہداشت کرنے والوں کو ان کے جذبات سے سمجھنے کی ضرورت ہے۔

(۳) جب کبھی بچّے تخلیقی سرگرمیوں جیسے کھیل اور ڈرائنگ میں مصروف ہوں تو یہ عمل کارآمد ہوتا ہے۔ بچّوں کو مثبت انداز میں اپنی سوچ جیسے غصّہ خوف اور افسردگی کے اظہار کے لئے مدد کرنا۔

(۴) جہاں تک ممکن ہو سکے بچّوں کے لئے مندرجہ بالا سرگرمیوں کو معمولات اور نظام الاوقات منعقد کراتے ہیں

(۵) اگر بچّے گھر پر تشدّد کا مشاہدہ کر رہے ہیں یا تشدّد کے شکار ہیں تو یہ صدمہ کا سبب بنتا ہے۔ اور یہ خلل ڈالنے والے رویہ کا باعث بن سکتے ہیں۔


(۶) بچوں کو بتایا جائے کہ کوئی بھی اس بیماری کو بدنامی کا باعث نہ سمجھے۔

(۷) بچّے کووڈ۔۱۹ وبائی مرض کی زیادہ دیکھنے پڑھنے یا بحث کرنے سے گریز کریں اور بچّوں کا دھیان دوسرے مضامین پر مبذول کرنے کی کوشش کریں۔

(۸) اگر خاندان میں کوئی بیمار ہے تو بچّوں کی نگہداشت والے اس مریض کو ہسپتال لے جائیں۔ اور اگر کسی کی موت ہو جاتی ہے اس صورت میں بچّے کو اضافی پریشانی کا تجربہ ہو سکتا ہے۔ اور اس کو خاص مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ تو اس صورت حال میں پیشہ ور کاؤنٹر سے بات کریں یا چائلڈ ہیلپ لائن 1098 پر رابطہ کریں ۔

(۹) خاص مدد کے لئے ٹول فری نمبر 08046110007 پر نمہانس پر رابطہ کریں۔

# سب سے کمزور بچوں کی جذباتی ضروریات کو سمجھنا



وہ بچّے جو سب سے زیادہ کمزور ہوتے ہیں انکی نگرانی میں زیادہ چنوتیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اسلئے ان ہی کو زیادہ دیکھ بھال اور توجّہ کی ضرورت ہوتی ہے، ان میں سے کچھ بچّوں کو مضبوط امدادی نظام اور جذباتی مدد نہیں مل پاتی۔ کووڈ۔۱۹ جیسی وبائی بیماری کے دوران ان بچّوں کو خوف اور تناؤ کی وجہ سے عدم تحفّظ کا احساس بڑھ سکتا ہے۔ اور اگر بروقت حل نہ کیا گیا تو ذہنی صحت کے سنگین مسائل بھی رونما ہو سکتے ہیں۔

اسکے مشمولات

(ا) وہ بچے جو بچّوں کے نگہداشت اداروں میں یا بنا والدین کی نگہداشت کے۔

(۲) سڑک پر رہنے والے بچّے۔

(۳) تارکین وطن مزدوروں کے بچّے جنہیں ائی سولیشن میں رکھا گیا۔


(۴) بچّے جو دوسرے این۔جی۔او کی پناہ گاہوں میں ہیں۔





# تناؤ سے پریشان حال بچّوں کی امداد

(۱) **سننا:** بچّے جو محسوس کر رہے ہیں ان کو اپنی بات کو کہنے کے مواقع فراہم کرنا۔ انکو اپنی تشویش بتانے اور سوال پوچھنے کا موقع دینا۔




(۲) **آرام:** بچّوں کو آرام اور سکون مہیّا کرانے کے لئے آسان ٹولز کا استعمال کریں۔

کہانیاں سنانا، ان کے ساتھ کھانا کھانا اور کھیل کھیلنا۔

کثرت سے ان کی تعریف کرنا، جیسے کہ بہادری کی طرف راغب کرنا۔

ہمدردی اور مددگار ظاہر کرنا۔

(۳) **یقین دہانی:**

بچّوں کو یقیند ہانی کرانا کہ وہ پوری طرح محفوظ ہیں اور ان کو صحیح طریقے سے صحیح معلومات فراہم کرنا۔



# نفسیاتی تناؤ کی نشاندھی اور اسکی خاص مدد

موجودہ دور میں وبائی بیماری کی وجہ سے ذہنی صحت ے شدید مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے انکی نشاندہی مندرجہ ذیل علامتیں ہوسکتی ہیں۔

(۱) سونے اور کھانے میں پریشانیاں۔

(۲) ڈراونے خواب دیکھنا۔

(۳) جارحیت کا اظہار کرنا۔

(۴) بنا کسی جسمانی وجہ کے پیٹ اور سر میں درد کی شکایت کرنا۔

(۵) خوف کھانا اکیلے رہ جانے کا خوف ہونا۔

(٦) چپٹنا اور دوسروں پر منحصر ہونے کا برتاؤ کرنا۔

(۷) نئے خوف ہونے کی تصدیق (مثلاً اندھیرے سے ڈرنا)

(۸) کھیل اور کھیل سے متعلق سرگرمیوں میں کم دلچسپی لینا۔

(۹) اداس رہنا، عام حالات سے زیادہ رونا چیخنا بنا کسی وجہ کے۔

برائے کرم ان بچّوں کو یاد رکھیں تربیت یافتہ، پیشہ ور افراد کی خصوصی مدد کی ضرورت ہے۔

کال کریں۔ چائلڈ لائن 1098

چائلڈ ویلفیئر کمیٹی/ڈسٹرکٹ چائلڈ پروٹیکشن یونٹ

NIMHANS 08046110007

# کووڈ-۱۹ کے بارے میں بچّوں سے بات چیت

بچّوں کو بڑوں کی ضرورت ہے تاکہ وہ سمجھ سکیں کہ حالات حاضرہ میں کیا ہورہا ہے۔

بچّوں کے ساتھ اسطرح بات چیت کریں کہ وہ حالات حاضرہ کو آسانی سے سمجھ لیں۔

بچّوں کی عمر کا لحاظ کرتے ہوئے آسان اور مناسب طریقہ سے سمجھانا۔

اگلے صفحات آپ کو بچّوں کی جسمانی اور جذباتی دونوں ضروریات کا خیال رکھنے اور کووڈ-۱۹ کے بارے میں ان کو کیسے سمجھایا جائے، کہ اس بارے میں آسان تراکیب فراہم کرینگے۔

وزارت صحت اور خاندانی بہبود، حکومتِ ہند کے تصدیق شدہ معلومات کے معتبر زرائع۔

کے لئے دیکھ بھال کرنے والے اور والدین۔

قومی ہیلپ لائین۔

1075 یا ٹول فری نمبر 011-23978046 پر کال کریں۔

آپ ہمیں اس ای-میل پتہ پر بھی لکھ سکتے ہیں۔

**ncov2019@gov.in or  ncov2019@gmail.com**

# کووڈ-۱۹ والدین: کارآمد وقت





کام پر جا نہیں سکتے؟ اسکول بند؟ پیسوں کے لئے فکر مند؟ تناؤ اور مغلوبیت کا احساس ہونا معمولی بات ہے۔

اسکول کا بند ہونا ہمارے بچوں اور نو عمر بچّوں اور نوعمروں کے ساتھ تعلقات کو مستحکم کرنے کا ایک موقع بھی ہے اور یہ کارآمد وقت آج مفت اور تفریح کے لئے ہے۔ اور اس وقت بچّوں کو محبّت اور محفوظ ہونے کا احساس کرائے گا اور یہ ظاہر کریگا کہ وہ کتنے خاص ہیں۔




# کووڈ-۱۹
# والدین: کردار مثبت انداز میں

ایسے دور میں جب بچّے یا نوعمر نوجوان دیوانے قرار پائے ہوں، مثبت محسوس کرنا بے حد مشکل ہے۔ ہم اکثر کہتے ہیں ''ایسا کرنا ترک کردو'' لیکن اگر ہم ان کو مثبت ہدایات دیں اور وہ جو کریں اسکی خوب تعریف کریں تو ہم جو کہیں گے وہ ایسا ہی کریں گے۔





# کووڈ-۱۹

# والدین : برتائو کی ساخت

کووڈ-۱۹ وبائی مرض نے ہم سے ہمارا روزمرّہ کے کام گھر اور اسکول کے معمولات چھین لیے ہیں۔ یہ بچّوں نوعمروں اور آپ کے لئے مشکل ہے۔ نئے معمولات زندگی کو دریافت کرنا آپ کی مدد کرسکتا ہے۔

# کووڈ-۱۹ والدین : سچّی اور روشن خیال معلومات فراہم کریں

بات کرنے پر آمادہ ہوں۔
انہوں نے پہلے ہی کچھ سنا ہوگا۔
خاموشی اور رازداری ہمارے بچوں کو محفوظ نہیں رکھ سکتے، لیکن ایمانداری اور کشادہ ذہنی ایسا کر سکتے ہیں اسکے بارے میں سوچیں، کہ بچّے کتنا سمجھیں گے آپ ہمیں بہتر طور سے جانتے ہیں۔





# کورونا وائرس وبا (کووڈ-۱۹) کے تعلق سے افواہوں کے متعلق سے بچّوں سے بات کرنا۔

## کووڈ-۱۹ کے متعلق وہم اور غلط فہمیاں:

کووڈ-۱۹ وبائی مرض کے تعلق سے گردش کر رہی خرافات اور افواہوں کے بارے میں والدین اور نگہداشت گزاروں کو دھیان دینے کی ضرورت ہے۔ یہ دونوں اس بات کو یقینی بتائیں کہ وہ خود بالغ حلقوں اور اطراف کے بچّوں میں جھوٹی معلومات پھیلانے کے نقصانات کو سمجھیں گے۔

مندرجہ ذیل معلومات درست نہیں ہیں:-

(۱) یہ وائرس صرف بوڑھوں اور بچّوں پر حملہ کرتا ہے اور نو جوانوں کو چھوڑ دیتا ہے۔

(۲) یہ وائرس یا تو جانوروں کے ذریعہ پھیلتا ہے اور اسلئے جانوروں کو ترک کر دینا چاہیئے۔

(۳) زیادہ شراب کے ساتھ ماؤتھ واش۔ اینٹی بایوٹکس سگریٹ اور شراب کا استعمال کووڈ-۱۹ کو ختم کر سکتا ہے۔

(۴) باہر دھوپ میں بھاپ کے غسل سے کرونا وائرس سے متاثر ہونے سے محفوظ رہا جا سکتا ہے۔

(۵) تمام کھانے کی اشیاء آلودہ ہیں اور اس سے کورونا وائرس پھیلتا ہے۔

(۶) کیوں کہ ہندوستان میں قوّتِ مدافعت زیادہ ہے اور وہ بیماریوں کے شکار زیادہ ہیں تو انہیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔

(۷) گرم موسم میں کورونا وائرس زندہ نہیں رہتا۔

وزارت صحت اور خاندانی بہبود کے ذریعہ تصدیق شدہ معلومات کے معتبر زرائع تو ہمیشہ استعمال کریں حکومتِ ہند۔

بچوں کے خلاف تشدد غلط بیانی اور استحصال کے بڑھتے ہوئے حادثات کو سمبھالنا
کیا تم اپنے چاروں طرف ایسا کچھ دیکھتے ہو



بچوں کے خلاف تشدد غلط بیانی اور استحصال کے بڑھتے ہوئے حادثات کو سمبھالنا

کیا تم اپنے چاروں طرف ایسا کچھ دیکھتے ہو



## بچوں کے خلاف تشدد غلط بیانی اور استحصال کے بڑھتے ہوئے حادثات کو سمبھالنا

کیا تم اپنے چاروں طرف ایسا کچھ دیکھتے ہو



## تشدد بدسلوکی اور استحصال کا بڑھتا خطرہ

(۱) سماجی تنہائی، معاشی مشکلات، کام دفتر چھوٹ جانا، خاندان میں زیادہ تناؤ کی وجوہات ہیں اور جس سے بچّوں میں گھریلو تشدد بچّوں سے بدسلوکی بچوں کو مارنا اور سخت زبان میں بات کرنے کے خطرات بڑھ جاتے ہیں۔

(۲) بندش اور نقل وحرکت کی پابندی کا مطلب ہے بچّوں کو بڑوں اور دیکھ بھال کرنے والوں کے ساتھ گھر میں وقت گزارنے کے لئے مجبور کرنا جو کہ پہلے ہی دباؤ میں پریشان ہیں۔

(۳) کسی بھی بچّے یا نوعمر کے ساتھ جنسی استحصال کسی بھی وقت اور کسی بھی جگہ ہوسکتا ہے۔ جانکار اور چوکس رہیں۔

(۴) بچّے آن لائن اپنا زیادہ وقت گزارتے ہیں۔ اور جنسی استحصال سائبر دھونس اور دیگر آن لائن خطرات کا سامنا کرتے ہیں۔

(۵) وہ بچّے جو کورنٹائن /رائی سولیشن میں ہیں ہوسکتا ہے کہ ان کو بالغوں کی نگرانی میں نہ رہنے دیا جائے جس سے ان کے تحفّظ کے خطرات بڑھ جاتے ہیں۔

## معزور بچّے

معزور بچّوں میں جاری وبائی بیماری کے بارے میں سخت ردِّعمل ہوسکتا ہے انہیں دوسرے لوگوں کیبہنسبت زیادہ شدید پریشانی تناؤ اور غصّہ ہوسکتا ہے کیوں کہ ان کو روزمرّہ کی خبروں پر کم اختیار رہے۔ اور ایسا ہی دوسرے بچّوں پر جو کہ جسمانی جذباتی اور فکری کج روی کے شکار ہوتے ہیں پر لاگو ہوتی ہے۔ ان بچّوں میں یقین پیدا کرنے کے لئے اضافی وضاحتیں و اضافی الفاظ کی ضرورت ہے۔ زیادہ آزاد خیالی اور مثبت تقویت دینے والا۔ ان سے بات کریں یقینی بنائیں کہ ان کی ضروریات کا خیال رکھا جائے اور تمام سرگرمیوں میں حصہ لیں۔

# بچّوں کو محفوظ رکھیں

(۱) اگر آپ کے بچّے نے بدتمیزی کی ہے یا خطرناک سلوک کیا ہے تو اس سے پرسکون اور بروقت بات کریں۔

(۲) کم عمر بچّے معمول سے زیادہ حساس وانکاری برتاؤ کرتے ہیں وہ واقعی میں پریشانی کا شکار ہو سکتے ہیں۔

(۳) پرسکون اور غیر متزلزل وقت چنیں اور آہستہ سے پوچھیں کہ وہ کیسا محسوس کر رہے ہیں۔ پرسکون مستقل مزاجی اور تسلّی بخش انداز میں اس مہم کے جواب دینے کو یقینی بنائیں۔

(۴) کسی خاص منفی رویّہ کے پیچھے کی وجہ وصورت حال کو سمجھنے کی کوشش کریں۔

(۵) بچّوں کے ساتھ باہمی اعتماد اور احترام کے تحت تعلقات استوار کریں اگر آپ کو تشویش ہے کہ آپ کے بچّے کو شدید خطرہ لاحق ہے تو اس سے بیرونی مدد کی درخواست کے امکان کے بارے میں مشورہ کریں چائلڈ لائن **1098**- پر بات کریں۔

(۶) بچّوں کو ذاتی حفاظت کے اصولوں کے بارے میں سکھائیں۔ ان کا جسم خود ان کا ہے اور کسی کے بھی ذریعہ ان کو چھونا یا اشارہ جس کی وجہ سے وہ غیر محفوظ سمجھتے ہیں نا قابل قبول ہے۔

(۷) اگر بچے آپ کو جنسی زیادتی کی اطلاع دیں تو بچوں پر ہمیشہ اعتماد/ یقین کریں۔

(۸) بچوں کے ساتھ جنسی استحصال کی صورت میں ہمیشہ رپورٹ کریں اور مدد لیں چائلڈ لائن **1098**- یا پولیس ہیلپ لائین یا چائلڈ ویلفیر سوسائٹی کو کال کریں۔

(۹) گھریلو تشدّد کے لئے ملوث میں فراہم کردہ ہیلپ لائن نمبر نمبرات کا بھی جائزہ لیں۔

# بچوں کو آنلائن دوستوں سے جڑنے دیں

## 5 Golden Rules to #StaySafe Online

01 IT IS OK TO BLOCK SOMEONE YOU ARE NOT COMFORTABLE COMMUNICATING WITH

02 DO NOT ACCEPT FRIEND REQUESTS FROM STRANGERS

03 IF AN E-MAIL LOOKS SUSPICIOUS IT IS BEST TO DELETE IT OR MARK IT AS JUNK

04 PASSWORDS ARE NOT SOCIAL DO NOT SHARE YOUR PASSWORD WITH ANYONE

05 REMEMBER TO LOG OUT WHILE USING A PUBLIC COMPUTER


#StaySafeOnline

## بچوں کو محفوظ آنلائن رہنے کے پانچ اصول سمجھائیں






## ۶ر سے ۱۰ رسال کی عمرگروپ کے لئےٹول کٹ



# سرگرمیوں : جو آپ بچّوں کے ساتھ کر سکتے ھیں

(۱۰-٦ سال کے عمر گروپ کے واسطے)

یہ کتابچہ، بچّوں کے اذہان کو پرسکون کرنے میں مدد فراہم کرنے کے وسائل مہیا کرتا ہے۔ تا کہ بچے ان تخلیقی سرگرمیوں میں مشغول ہو کر جو کہ مستقبل پر مرکوز اور حل فراہم کرنے پر مبنی ہیں، درپیش دباؤ سے نمٹنے کے قابل ہو جائیں۔

اس دستاویز میں ۱۰-٦ سال کے عمر گروپ کے بچّوں کے لئے تخلیقی سرگرمیاں درج ہیں۔

(۱) تخلیقی اسٹیکرس کے ذریعے پیغام (کورونا وائرس انعامی اسٹیکرس اور رنگین شیٹ جس میں شکریہ ادا کیا گیا ہو)

(۲) گرافکس کے ذریعہ معلوماتی پوسٹر اور ورکشیٹ جس میں کووڈ۔۱۹ وائرس کی اطلاعات وبائی مرض اور اس سے بچاؤ کے بارے میں معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

(۳) نگہداشت کرنے والوں کو کووڈ۔۱۹ وائرس وبائی مرض کے بچاؤ میں کیا کرنا اور کیا نہیں کرنا کے بارے میں بتانا۔

(۴) الفاظی پہیلی (کووڈ۔۱۹ پر مبنی کہانیوں کی سرگرمیاں)۔

# کوروناوائرس انعامی اسٹیکرس

## والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لئے اشارات:

والدین اور نگہداشت (دیکھ بھال) کرنے والے ان اسٹیکرس کو کٹ آؤٹ کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔ اور ۶ سے ۱۰ سال کے عمر کے بچوں سے کووڈ۔۱۹ سے لڑنے کے لئے صحت مند طرزِ عمل اور مثبت بات چیت کا آغاز کر سکتے ہیں۔

(۱) محفوظ اور حفظان صحت کی سرگرمیوں کو بچّوں کے لئے مثبت انداز میں لاگو کرنا۔ ان کو خوف، پریشانی سے محفوظ رکھنا۔


(۲) یاد رکھیں بچّوں کو ہر چھوٹی سی تفصیل جاننے کی ضرورت نہیں جب تک کہ بچے خود نہ پوچھیں۔ ان کو ایسی اطلاعات دینے کی ضرورت نہیں جو انہیں پریشان کر دیں۔

(۳) نقطۂ نظر کا احساس رکھیں حل پر مرکوز سوچ رکھیں اور ذہنی قبولیت کے ساتھ اس میں توجہ رکھیں۔

(۴) بہت چھوٹے بچّے حالات کے حقائق سے غافل ہو سکتے ہیں۔ معمول کی تبدیلیوں سے انہیں پریشان ہونے کا احساس ہوسکتا ہے۔

(۵) وقتاً فوقتاً کم عمر بچوں کو چیک کریں اور انہیں اپنی پریشانی بتانے کا موقع دیں۔

# کورونا سے جنگ لڑنے والوں کے لئے انعامی اسٹیکرس







**والدین اور نگہداشت کرنے والوں کے لئے اشارات:** یہ بتائیں کہ دنیا بھر میں صحت کے کارکنان اور سائنس دان اس وبائی مرض کو روکنے اور معاشرے کو محفوظ رکھنے کے لئے کس طرح کام کر رہے ہیں۔ بچّوں کے لیے یہ جاننا بڑا پرسکون ہوتا ہے کہ ہنگامی حالات میں ہمدرد لوگ کس طرح سرگرم ہو جاتے ہیں۔ اس ورکشیٹ کو بچّوں کو بہتر محسوس کرنے میں مدد کے لئے استعمال کریں۔ ان کے ساتھ بات کریں کہ وہ کیسا محسوس کرتے ہیں۔ اس سیٹ میں ۳۰ کلر شیٹ ہیں جو یہ ظاہر کرتی ہیں کہ کیسے ہمارے سائنسداں اور کارکنان صحت کووڈ۔۱۹ کے خلاف سرگرم عمل ہیں۔ یہ ڈرائنگ تخلیقی طریقہ کے ذریعہ مثبت پیغام رسائی کو فروغ دیں گی۔

اگر آپ ان ورکشیٹ کو پرنٹ نہ کر سکیں تو بچوں کو دکھائیں اور ان کو بنانے و رنگ بھرنے کے لیے حوصلہ افزائی کریں۔

کورونا کے دور میں بچوں کا سماجی فاصلہ جو کی انکے لئے صحت مند ہے



# کورونا سے لڑنے والے ہیرو



# کورونا وائرس سے محفوظ رہنا



انفوگرافکس پوسٹر، ورکشیٹ

## والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے اشارات:

دستاویز کا یہ حصہ آ گاہی پیدا کرنے کی سرگرمیوں اور ورک شیٹ کے لیے ایک انفوگرا فک پوسٹر فراہم کرتا ہے۔ جو کہ کووڈ-۱۹ وبائی بیماری علامات اور اسکی روک تھام کی معلومات فراہم کرتا ہے۔ اس پوسٹر کو والدین اور نگہداشت کرنے والے استعمال کر سکتے ہیں۔ یہی پوسٹر ورکشیٹ کے طور پر بھی فراہم کیا گیا ہے۔ ایک بار جب دیکھ بھال کرنے والے اس پوسٹر کی وضاحت بچّوں کو کر دیتے ہیں تو اس سے بچّوں کو کسی بھی زبان میں اسے سیکھنے کی تقویت مل جاتی ہے یہ ایک پرنٹ آؤٹ کی شکل میں بچّوں کو دیا جاتا ہے۔

والدین اور دیکھ بھال کرنے والے پوسٹر کی وضاحت کرتے وقت اپنے شعور اجاگر کرنے کے مشن میں درج ذیل اہم نکات استعمال کر سکتے ہیں۔

## 5 بنیادی اقدام جس پر عمل کرتے ہوئے کورونا وائرس کو پھیلنے سے روکنے میں مدد ملے گی۔

(۱): ہاتھ: انہیں اکثر دھوتے رہنا (صابن، پانی یا الکحل مبنی رقیق سے ۲۰ سیکنڈ تک)


(۲): کہنی: یہاں چھینکیں۔

(۳) چہرہ: اسکو نہ چھوئیں (گندے ہاتھوں سے)

(۴) فاصلہ: محفوظ فاصلہ رکھیں۔ (۱ میٹر یا ۳ فٹ) ان لوگوں سے جو بیمار ہوں یا جن میں فلو کے اثرات دکھیں۔

(۵): گھر: گھر میں رہیں۔

نوٹ: بچّوں کو یہ بتانا ضروری ہے کہ ان ۵/ اقداحات پر عمل کرنا ضروری ہے۔ اور ان کو ایسا کر کے دکھا دیں۔


بزریعہ گرافکس اطلاعات فراہم کرنے والا
پوسٹر
روک تھام
کھانستے اور چھینکتے وقت منہ اور ناک کو ڈھاک کر رکھیں
علاج
طاقت بخش کھانا کھائیں
اور بھرپور نیند لیں
AIR
زاتی میل جول
وہ چیزیں جن پر وائرس برقرار رہتا ہے
تھوک اور چھینک کے زریعہ انفکشن پھیلنا
لگاتار ہاتھ دھوتے رہیں
ڈاکٹر سے سخت ضرورت پڑنے پر ہی رابطہ قائم کریں
سر درد
ناک بہنا
تیز بخار
کھانسی
حفاظتی ماسک لگائیں
گلے میں سوجن
سانس لینے میں تکلیف
آثار
گھر میں کرنطنیہ

# والدین کی دیکھ بھال کرنے والے کی مدد سے ورکشیٹ کو پر کریں

## علاج







## متعدی





## روک تھام








# کووڈ-۱۹ وبائی مرض میں کیا کریں کیا نہ کریں والے پیغامات نگھداشت والوں کے لئے ہینڈ آئوٹ

اس حصے میں کووڈ-۱۹ جیسی وبائی بیماری 2019 کے بارے میں ایسے طور طریقے بچّوں کو بتائیں جو دو حصّوں میں تقسیم ہیں۔ یہ کرو یہ نہ کرو جو کہ دوستانہ ماحول میں بچّوں کو بتائیں۔



اس بات کو یقینی بنائیں کہ بچوں سے مثبت انداز میں بات کریں اور بیماری سے محفوظ رہنے کے لئے ان سرگرمیوں پر خاص نظر رکھیں جن سے کووڈ-۱۹ سے بچاؤ ہو سکے جس میں ہاتھ دھونے کی ترکیب دی گئی ہے۔ یہ یاد رکھیں کہ بچوں سے بات چیت ڈراونی اور خوفناک نہ ہو۔

# کورونا وائرس وباء 2019 کے باب میں بچّوں سے بات چیت

بچّے آن لائن یا ٹی۔وی دیکھ کر یہ سمجھ نہیں پاتے کہ وہ کیا دیکھ رہے ہیں یا دوسرے لوگوں سے سن کر۔تو یہ خاص طور سے تھکن تناؤ اور غم کے کمزور احساسات ہو سکتے ہیں یہاں پر ایک فہرست جس میں ''جو کرنا ہے'' اور ''جو کرنا نہیں ہے'' دی جا رہی ہے اور ایک معلم یا رضاء کار کے طور پر آپ ان کو بہتر نفسیاتی طور پر سمجھنے اور ان کا مقابلہ کرنے میں ان کی مدد کرنے کے لئے کر سکتے ہیں۔

کرنا ہے: وہ لوگ جو کووڈ-۱۹ سے ائی سولیشن ہیں، ان کے بارے میں بات کریں۔

وہ لوگ جن کو کووڈ-۱۹ کا انفیکشن ہے, انکا علاج کیسے چل رہا ہے۔

وہ لوگ جو کووڈ-۱۹ مرض سے ٹھیک ہو رہے ہیں۔

وہ لوگ جو کووڈ-۱۹ سے ہلاک ہوئے۔

نہیں کرنا ہے: مرض کے شکار لوگوں کو کووڈ-۱۹ معاملہ یا کووڈ-۱۹ کا شکار کہنا۔



کرنا ہے: صحت کے کارکنان اور سائنسدان جو کہ کووڈ-۱۹ کو پھیلنے سے روکنے اور سماج کو محفوظ رکھنے کے لئے کام کر رہے ہیں ان کی کہانیوں کو بتانا۔ یہ جان کر بیحد آرام ملتا ہے کہ ہمدردی رکھنے والے لوگ مدد کر رہے ہیں۔

جانچ کریں کہ کیا بچّے بدبختی کا سامنا کر رہے ہیں یا پھیلا رہے ہیں۔

نہیں کرنا ہے: مرض کے ساتھ کسی مقام یا کسی کی نسل کو نہ جوڑیں یاد رکھیں کہ وائرس مخصوص آبادی کی نسلوں یا نسلی پسِ منظر پر مبنی لوگوں کو نشانہ نہیں بناتا۔



**کرنا ہے:** دیانت دار بنیں اور بچّوں سے دوستی کے ماحول میں سچ کی وضاحت کریں بچوں سے کھل کر سوال کریں اور انکی بات سنیں۔

**نہ کریں:** بچّوں کے خدشات کو کم کر کے نہ آنکیں اور نہ ان سے گریز کریں اور نہ جھوٹے وعدے کریں۔



کرنا ہے: بچّوں سے مثبت انداز میں بات کریں اور موثر بچاؤ کرنے والے اقدام جیسے ہاتھ دھونے کی اہمیت ہر روز دینا یہ آسان سے اقدام ہیں جن کے کرنے سے ہم اور ہمارے پیارے اور سب سے زیادہ کمزور بچّوں کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔

نہیں کرنا ہے: بات چیت کو خوفناک یا خوف پر مبنی نہ بنائیں۔



کرنا ہے: اگر آپ بچّوں کے سوال کے جواب نہیں دے سکتے تو اندازہ سے جواب نہ دیں۔ یہ جوابات کی تلاش کرنے کا ایک موقع ہے۔

نہیں کرنا ہے: بچوں کو کسی سانحہ کو ایسے بتا کر نہ ڈرائیں کہ وہ رونے دھونے کے لئے انتظار کر رہا تھا یعنی ایسا سانحہ ہونا ہی تھا۔



کرنا ہے: ان لوگوں کے بارے میں گفتگو کریں

کووڈ۔۱۹ کا انفوگرافکس ہیں۔

نہیں کرنا ہے: ایسے لوگوں کے بارے میں باتیں کرنا

جو لوگوں میں وائرس پھیلاتے ہیں۔



کرنا ہے: سائنسی اعداد و شمار اور تازہ ترین سرکاری صحت کے مشوروں پر مبنی کووڈ-۱۹ کے خطرے کے بارے میں درست بات کریں۔

نہ کریں: غیر مصدّقہ افواہوں کو دہرائیں یا ان کا اشتراک کریں اور اپنی پسند پیدا کرنے کے لیے روایتی زبان استعمال کرنے سے گریز کریں۔



کرنا ہے: اگر آپ حفاظتی فاصلہ اور حفظانِ صحت پر عمل کرتے ہیں اور دوسروں کے ساتھ ہمدردی محسوس کرتے ہیں خاص طور سے انکے لئے جو بیمار اور کافی کمزور ہیں تو اس کو دیکھ کر آپ کے بچّے، نوعمر آپ سے بہت کچھ سیکھیں گے۔

نہیں کرنا ہے: بچّے ہمیشہ آپکے عمل کی تقلید کرتے ہیں ایرلائنس صحت کارکنان کے عملہ کے ساتھ منفی رویّہ اختیار نہ کریں جو کہ اپنے فرائض انجام دے رہے ہوں، اور کووڈ-۱۹ کے پھیلانے والے کہہ کر ان کو بدنام نہ کریں۔ یاد رکھیں آپ کے بچّے ہمیشہ آپ سے سیکھتے رہتے ہیں۔



# (الفاظ پہیلی ٹول کٹ جوکہ کووِڈ۔۱۹ کو بیان کریگی)



# ورڈ وزارڈ کووڈ-۱۹ پر کھانی سنانے پر ٹول کٹ)

اس حصےّ میں درج ذیل وسائل ہیں۔

ایک کہانی سنا کر جو کہ ایک انوکھا اور اصل طریقہ جو بچّوں کو منسلک کرنے میں اہم کردار نبھاتا ہے جس سے انکی پریشانی اور تنہائی وددر ہو جائے۔

## والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لئے اشارے

غیر یقینی صورت حال پریشانی کو جنم دیتی ہے جو ہمیں نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ ہم سب بہت سے لوگوں کے لئے

کووڈ-۱۹ وبائی غیر یقینی صورت حال کی طرف اشارہ کرتی ہے لوگ خود اپنی اور اپنے پیاروں کی صحت کے لئے فکر مند ہیں

۔ بچّے اپنے اسکول کے لحاظ سے کافی پریشان ہیں اور اپنے والدین کی مالی حالت کی وجہ سے گھر میں راشن کے حالات پریشان کن ہیں۔ بچّوں کے خاص شوق میں انکی دلچسپی اور زندگی کے دوسرے معاملات سب متاثر ہوتے ہیں۔

ایسے وقت میں بچّے جو پہلے ہی پریشان ہیں، ان کی پریشانی میں غیر معمولی اضافہ ہو سکتا ہے ان کہانیوں کو بچّوں کی توجہ ہٹانے کے لئے استعمال کریں اور اسی اوقات میں ان سے ان معاملات میں بات کریں جن کا سامنا وہ کر رہے ہیں۔


# پہلی کہانی
# اشارات

## مقصد:

کووڈ۔۱۹ وبائی امراض کے دوران بچوں کو زندہ دل رہنے مثبت پیغام کی تفریح کے لئے رسائی کا استعمال

## الفاظ کی جادوگری

آپ کووڈ۔۱۹ بیماری کو شکست دینے میں دوسروں کی کیسے مدد کر سکتے ہیں ایک چھوٹی سی کہانی لکھیں۔




والدین اور معلّم کے لئے اشارات: یہ لازمی ہے کہ بچّوں کو بات چیت میں شامل کر کے ان میں مثبت رویّہ نافذ کریں اور اس کو نافذ کرنے کا سب سے اچھا ذریعہ کہانی سنانا ہے۔ انکو یہ سمجھانا کہ کرونا وائرس کو شکست دینے کے لئے ہم سب کو اپنا کردار ادا کرنا پڑیگا جیسے لگاتار ہاتھ دھونا، ایک دوسرے سے فاصلہ رکھنا کچھ وقت کے لئے خود کو قرنطینہ کرنا وغیرہ۔ اس شیٹ میں فراہم کردہ کہانیوں اور کرداروں کو اپنی جانکاری سے تعمیر کرنے میں انکی حوصلہ افزائی کریں۔ اور اگر ممکن ہو تو رول پلے میں ان کا کٹ آؤٹ کے طور پر استعمال کریں


ان مثبت کہانیوں کے لئیمثال کے طور پر کچھ اشارات دیئے گئے ہیں۔

ایک دن جلد صبح ڈاکٹر شبنم مرکز میں آئی اور سب کے لئے کچھ چھوٹے تھیلے لائیں ہمیشہ کی طرح پنکی نے سب سے پہلے سوال پوچھا اس نے پوچھا یہ کیا ہے اور کس کے لئے؟ ڈاکٹر آنٹی: یہ بیگ تم سب کے لئے ہیں میرے پیارو بیگ میں ایک ماسک ایک صابن اور ایک سینیٹا ئزر ہے جس سے کہ تم محفوظ رہو۔ ڈاکٹر شبنم نے بچوں کو جو کہ پہیلی نما نظروں سے ان کو دیکھ رہے تھے، جواب دیا آؤ بیٹھو یہ کیسے کرنا ہے میں بتاؤں گی۔

# دوسری کہانی اشارات

## الفاظ کی جادوگری

سائنسدانوں پر ایک چھوٹی کہانی لکھیں جو کووڈ۔۱۹ جیسی مہلک بیماری کا علاج تلاش کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔






Nina's mom at work in her lab

**مقصد:**
بچوں کو سمجھانے میں مدد کریں کہ وہ بالغ ہیں خاص طور پر صحت کارکنان اور سائنس داں کووڈ۔۱۹ کا علاج تلاش کرنے کے لئے بہت محنت اور شفقت کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔

**والدین اور معلّم کے لئے اشارات:** یہ بات بچّوں کے لئے جاننا بہت خاص ہے کہ جوانوں کے ساتھ ساتھ ان کے والدین بھی ان کو محفوظ رکھنے کے لئے ہر ممکنہ کوشش کر رہے ہیں۔ اس بیماری سے محفوظ رکھنے کے لئے سائنسدان ساری دنیا میں لگاتار دن رات محنت کر رہے ہیں تا کہ اس کا علاج جلد سے جلد ایجاد ہو جائے۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ شیٹ میں فراہم کردہ کرداروں کو لے کر خود اپنی کہانیاں لکھیں اور ممکن ہو تو کردار نبھانے میں اس کا استعمال کریں۔

برائے مثال ان کو مثبت کہانیوں کے لئے یہ اشارات دیں:-

مینا سوفہ پر بیٹھی آنکھوں میں فکر لئے اپنی ماں کو دیکھ رہی ہے اس کی کتاب ایک طرف رکھی ہوئی ہے لیکن وہ 20 منٹ سے اسکو نہیں دیکھ رہی ہے۔

